75072-نائٹ کلب جانے سے توبہ کرلی اوراس کے ذمہ نائٹ کلب کا بل باقی ہے

سوال

اگرکوئی شخص نائٹ کلب جائے اوروہاں بل کی ادائیگی نہ کی ہوکیونکہ وہاں اچانک لڑائی اورفتنہ پیدا ہوگیا تووہ وہاں سے نکل گیا اوربل کی ادائیگی نہ کی اب اسے کیا کرنا چاہیے، کیونکہ وہ ایسی جگھوں پرجانے سے قطعی طورپرتوبہ کرچکا ہے ؟

پسندیدہ جواب

ہم اللہ تعالی کا شکرادا کرتے ہیں
جس نے آپ کوتوبہ کرنے کی توفیق نصیب فرمائی، اورہماری دعا ہے کہ کہ یہ آپ کے لیے
سچی اورپکی توبہ ہو، جس میں اپنے کیے پرندامت بھی کریں، اورآئندہ ایسا کام نہ
کرنے کاپختہ عزم کریں.

اوراگرتووہ رقم اوربل آپ کے ذمہ
کسی مباح اورجائزچیز کی قیمت تھی مثلا کھانا خریدا یا کوئی جگہ کرائے پرلی توآپ
کے ذمہ اس کی قیمت کی ادائیگی واجب ہے، لیکن اگرتووہ رقم کسی حرام کام کی ہے تو
پھرنائٹ کلب کے لیے آپ کے مال میں کوئی حق نہیں، اورنہ ہی آپ اس مال سے کوئی
فائدہ حاصل کرسکتے ہیں.

بلکہ آپ اتنی رقم جوآپ نے بل کی
ادائیگی کرنا تھی وہ صدقہ کردیں.

سوال نمبر (
4642) کے جواب میں شیخ ابن عثیمین
رحمہ اللہ کا فتوی بیان کیا گیا ہے کہ جس نے نائی سے اپنی داڑھی منڈوائی جوکہ
حرام ہے اوراس نے نائی کواس کی اجرت نہ دی ہوتوانہوں نے یہی فتوی دیا ہے کہ
اسے بعد میں بھی وہ اجرت نہ دے.

اورآپ ایسا اس وقت کریں جب ایسا
کرنے میں آپ کوکوئی ضرر اورنقصان نہ ہوتا ہو، اوراگرانہیں آپ کا علم ہوجائے
اوروہ آپ کا معاملہ سرکاری محکمہ اورعدالت میں لے جائیں اورآپ کوبل کی ادائیگی

لازم کریں تو آپ انہیں ادا کر دیں، تو یہ رقم لینے کا گناہ انہیں ہی ہوگا اور اگر آپ انہیں ادائیگی کر دیں تو پھر آپ کے لیے صدقہ کرنا لازم نہیں.

واللہ اعلم.